**22.07.2026**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... اصغر علی

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے وکست بھارت نظریے کو ایک عوامی تحریک بنانے پر زور دیا ہے، جس میں نوجوان ایک کلیدی رول ادا کریں۔

☆ حکومت نے یہ بات دوہرائی ہے کہ وہ پارلیمنٹ میں NEET پیپر لیک معاملے پر بامعنیٰ بحث کیلئے تیار ہے۔ اس نے نوجوانوں کے احتجاج کو سیاسی فائدے کیلئے استعمال کرنے کی کوششوں کی نکتہ چینی کی۔

☆ اپوزیشن نے دونوں ایوانوں کی کارروائی میں رخنہ اندازی کی۔ اس نے بحث سے پہلے تعلیم کے محکمے کے وزیر کے استعفے کا مطالبہ کیا۔

☆ دلّی ہائی کورٹ نے پارلیمنٹ مارچ کے دوران مظاہرین پر مبینہ طور پر زیادہ طاقت کا استعمال کرنے سے متعلق درخواستوں پر مرکز اور پولیس سے جواب طلب کئے ہیں۔

☆ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بہتر ریل سیفٹی، بنیادی ڈھانچے کے رکھ رکھاؤ اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے ٹرین حادثات میں خاطر خواہ کمی آئی ہے۔

☆ امریکہ نے، ایران پر یمن کے حوثی گروپ کی جانب سے بحرِ احمر میں سعودی عرب کے خلاف بحری ناکہ بندی کا الزام لگایا ہے۔

☆ اور China اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں پی وی سندھو اور آیوش شیٹی سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

## PM High Level Meeting

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ وکست بھارت کی تعمیر کا خواب جن آندولن بننا چاہیئے اور ملک کے نوجوانوں کو اِس نظریے کو بنیاد فراہم کرنی چاہئیں۔ وزیرِ اعظم نے نئی دلّی میں وکست بھارت اہداف کیلئے متعلقہ شعبوں اور دیہی ترقی، زراعت اور سماجی بہبود کی پیشرفت کے جائزے کے سلسلے میں سکریٹریوں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ اِس میٹنگ میں کابینہ سکریٹری، اہم وزارتوں کے سکریٹری صاحبان کے ساتھ ساتھ، وزیر اعظم کے دفتر کے سینئر عہدیداران نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران، جناب مودی نے کہا کہ عوام کی ضرورت کے تحت تیار کردہ اصلاحات کے نفاذ میں تیزی آنی چاہیئے اور اِن سے بامعنیٰ تبدیلی پیدا ہونی چاہیئے۔

انہوں نے کہا کہ اصلاحات کا مقصد محض حکومت کے کام کاج میں بہتری لانا نہیں بلکہ ایک ترقی یافتہ ملک بننے کی جانب، ملک کے سفر کو تیز کرنا ہے۔x

## Rajnath Protest

وزیرِ دفاع راج ناتھ سنگھ نے دلّی میں جاری مظاہرے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرکز، نوجوانوں کے جذبات و خدشات کے حوالے سے نہایت حساس ہے اور طلباء کے جائز مسئلوں کو سننے اور اس کے حل کیلئے پُرعزم ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے، جناب سنگھ نے کہا کہ کچھ لوگ اپنے سیاسی مفاد کیلئے طلباء کے احتجاج کو استعمال کررہے ہیں۔

SB - Rajnath Singh on Opposition

پارلیمنٹ میں اپوزیشن کے ہنگامے پر، وزیرِ موصوف نے کہا کہ حکومت نے ہر معاملے پر بامعنی بحث پر رضامندی ظاہر کی ہے لیکن اپوزیشن پارلیمنٹ کے بجائے سڑکوں پر اس کے حل کی غیر مناسب کوشش کررہی ہے۔x

## Nada BJP Briefing (Early)

سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر جے پی نڈا نے آج کہا کہ طلباء کی جانب سے اٹھائے گئے NEET پیپر لیک معاملے کو سیاسی رنگ نہیں دیا جانا چاہیے۔ نئی دلّی میں آج شام میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ یہ جانچ کا موضوع ہے، جس پر وسیع تر تبادلۂ خیال کی ضرورت ہے۔ جناب نڈا نے مزید کہا کہ یہ ایک سنگین مسئلہ ہے، جس پر سنجیدہ بات چیت کی ضرورت ہے۔ x

## LS - RS Adjourn Edited

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی NEET پیپر لیک معاملے اور طلباء کے احتجاج سمیت مختلف معاملات پر اپوزیشن کی جانب سے آج مسلسل تیسرے روز بار بار رخنہ اندازی کے پیشِ نظر دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ لوک سبھا میں جب ایوان کی کارروائی دوسری مرتبہ ملتوی ہونے کے بعد دوپہر دو بجے پھر شروع ہوئی تو اپوزیشن ارکان نے NEET معاملے پر نعرے بازی جاری رکھی۔ احتجاج جاری رہا تو ایوان کی کارروائی کل تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔ اِس سے قبل دن میں کانگریس کے KC وینو گوپال اور سماجوادی پارٹی کے اکھلیش یادو نے طلباء کے احتجاج کا معاملہ اٹھایا۔

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے یہ بات دوہرائی کہ حکومت مقرر کردہ پارلیمانی ضابطوں کے تحت اور

ملک کے نوجوانوں کے مستقبل کو ذہن میں رکھتے ہوئے، سبھی فریقوں کے ساتھ بامعنیٰ بحث کیلئے تیار تھی۔

SB - F 2045 - Kiren Rijiju ( LS)

راجیہ سبھا میں بھی NEET معاملے اور دیگر معاملات پر بار بار رخنہ اندازی ہوئی۔ کئی مرتبہ کارروائی ملتوی کئے جانے کے بعد، جب ایوان کی کارروائی پھر شروع ہوئی تو ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نے یہ کہتے ہوئے اپوزیشن سے تعاون کرنے کی اپیل کی کہ حکومت بحث کیلئے تیار ہے۔

ایوانِ بالا میں خطاب کرتے ہوئے، پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجیجو نے کانگریس پر یہ کہتے ہوئے بحث سے بچنے کا الزام لگایا کہ حکومت کی، اِس معاملے پر بحث پر رضامندی کے باوجود، اُس نے نئی شرائط رکھ دیں۔

ایوان کے رہنما جے پی نڈا نے اپوزیشن کے طرزِ عمل کی یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی کہ یہ غیرذمہ دارانہ اور جمہوری اقدار کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت شفافیت اور جوابدہی کے تئیں پُر عزم رہی ہے۔

اپوزیشن کے رہنما ملکارجن کھڑگے نے یہ کہتے ہوئے تعلیم کے مرکزی وزیر کے استعفے کا مطالبہ کیا کہ اِس کے بغیر بحث نہیں ہوسکتی۔

SB - 2115 - Mallikarjun Kharge

شور وغل جاری رہنے کے درمیان راجیہ سبھا کی کارروائی بھی کل تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔

اس سے پہلے راجیہ سبھا میں سکم میں NHPC Teesta Stage VI پن بجلی پروجیکٹ کے تحت زیرِ تعمیر سرنگ میں حادثے کے دوران جان گنوانے والوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا اور ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔

اس کے بعد صدر نشیں سی پی رادھا کرشنن نے ملک کی پہلی اندرونِ ملک تیار کردہ ہائیڈروجن پر مبنی ریل گاڑی کیلئے حکومت، ریلوے اہلکاروں اور سائنسدانوں کو مبارکباد دی۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

VC - Anand Kumar

مانسون اجلاس کے مسلسل تیسرے روز پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی اپوزیشن کے شور شرابے کے پیشِ نظر بار بار ملتوی کرنا پڑی۔ رخنہ اندازی کی وجہ سے لوک سبھا اور راجیہ سبھا دونوں میں کوئی کام کاج نہیں ہوسکا۔ حکومت کی طرف سے بار بار اِس یقین دہانی کے باوجود کہ وہ NEET پیپر لیک معاملے پر بحث کیلئے تیار ہے، اپوزیشن نے اپنا احتجاج جاری رکھا۔ آج لوک سبھا کی کارروائی تین مرتبہ اور راجیہ سبھا کی کارروائی چار مرتبہ ملتوی کرنا پڑی۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ انہوں نے دونوں فریقوں کی بات سنی اور کہا کہ حکومت ایک کھلے ذہن کے ساتھ بحث کیلئے تیار ہے۔ انہوں نے اپوزیشن پارٹیوں سے اپیل کی کہ وہ کارروائی میں رخنہ اندازی کے بجائے ایک تفصیلی بحث میں حصہ لے۔

دلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان۔

## Wangchuk Letter

کارکن سونم وانگ چُک نے کہا ہے کہ وہ اپنی بھوک ہڑتال ختم کردیں گے اگر حکومت اِس بات کی یقین دہانی کرائے کہ NEET پیپر لیک معاملے پر جوابدہی طے کرنے کے سلسلے میں مظاہرہ کررہے نوجوانوں کے خلاف کوئی قانونی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ مرکزی وزراء جے پی نڈا اور جتیندر سنگھ کو ایک خط میں جناب وانگ چُک نے کل

رات اسپتال آنے کیلئے دونوں وزراء کا شکریہ ادا کیا۔x

## LS Railway Safety

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے بتایا کہ حکومت کے اقدامات کی بدولت سنگین نوعیت کے ریل حادثات کی تعداد سال 15-2014 کے 135 سے گھٹ کر اِس سال 27-2026 کے جون تک صرف دو رہ گئی ہے۔ لوک سبھا میں آج اپنے تحریری جواب میں جناب ویشنو نے بتایا کہ جدید ٹیکنالوجی، بنیادی ڈھانچے اور بہتر رکھ رکھاؤ کے ذریعے ریل سیفٹی کو مستحکم کیا گیا۔ جناب ویشنو نے مزید بتایا کہ سیفٹی سے متعلق سرگرمیوں پر اخراجات، سال 14-2013 کے تقریباً 39 ہزار کروڑ روپے سے بڑھ کر سال 27-2026 میں ایک لاکھ 20 ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کر گئے ہیں۔ x

## HC Delhi Protest

دلّی ہائی کورٹ نے پیر کے روز پارلیمنٹ کی جانب مارچ کررہے مظاہرین پر کئے گئے مبینہ طاقت کے استعمال پر مرکز اور دلّی پولیس سے جواب طلب کیا ہے۔ چیف جسٹس ڈی کے اپادھیائے اور جسٹس تیجس کاریا نے حکام کو CCTV فوٹیج اور ویڈیو گرافی سمیت پولیس کارروائی سے متعلق تمام ثبوت کو محفوظ رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ مفادِ عامہ کی درخواست پر نوٹس جاری کرتے ہوئے، بینچ نے حکام کو جواب سونپنے کیلئے چار ہفتے کا وقت دیا ہے۔ اس معاملے کی اگلی سماعت 11 ستمبر کو ہوگی۔x

## DMRC Service Resume

دلّی میٹرو نیٹ ورک کے سبھی اسٹیشن اب مسافر خدمات کیلئے کھل گئے ہیں۔ اِس سے پہلے دلّی میٹر ریل کارپوریشن، DMRC نے حفاظتی وجوہات کی بناء پر 17 میٹرو اسٹیشنوں کو بند کر دیا تھا۔ اِن اسٹیشنوں میں، لوک کلیان مارگ، راجیو چوک، پٹیل چوک، رام کرشن آشرم مارگ، بارہ کھمبا روڈ، سپریم کورٹ، سیوا تیرتھ، جَن پتھ، منڈی ہاؤس، سینٹرل سکریٹریٹ، ITO، دلّی گیٹ، اندر پرستھ، خان مارکیٹ، جور باغ اور شیواجی اسٹیڈیم شامل تھے۔ x

## Sikkim Tunnel Bodies

سکم کے نامچی ضلعے میں Samardung میں زیرِ تعمیر سرنگ میں بچاؤ ٹیموں نے مزید 8 لاشوں کا پتہ لگایا ہے۔ تاہم، سرنگ کے اندر انتہائی خطرناک صورتحال کے سبب، اِن لاشوں کو نکالا نہیں جاسکا۔ اہلکاروں نے کہا ہے کہ کم دوری تک دکھائی دینے اور میتھین گیس کے رساؤ نے بچاؤ کارروائی کو زیادہ مشکل بنا دیا ہے۔ اب تک 13 لاشیں برآمد کی جاچکی ہیں، جبکہ سرنگ کے اندر کچھ افراد پھنسے ہوئے ہیں۔ سکم حکومت اور قومی پن بجلی پاور کارپوریشن کے سینئر عہدیداران مقام پر صورتحال کی نگرانی کررہے ہیں۔ پیش ہے ایک رپورٹ ...

VC Manas Pratim Sarma

NHPC ٹنل میں پھنسے لوگوں کو نکالنے کیلئے مختلف ایجنسیاں آج لگاتار تیسرے دن بھی کوششوں میں لگی رہیں۔ بچاؤ کارروائی چوبیس گھنٹے جاری ہے، تاہم کم بصارت اور میتھین گیس کے رِساؤ نے لاشوں کو نکالنے میں مشکلیں کھڑی کردی ہیں۔ 8 لاشیں ٹنل کے دہانے سے دو کلو میٹر دور ہیں۔ اس دوران سکّم حکومت نے حادثے میں فوت ہونے والوں کی لاشیں، آج اُن کے کنبوں کو سونپی۔ مرکز کے علاوہ سکّم حکومت اور NHPC نے متاثرہ کنبوں کیلئے

مالی مدد کا اعلان کیا ہے۔

گواہاٹی سے Manas Pratim Sarma کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی۔

## Ayodhya Trust Meeting

آج ایودھیا میں شری رام جنم بھومی تیرتھ شیتر ٹرسٹ کی ایک میٹنگ ہوئی، جس میں مندر کے انتظامات، عطیات کے نظام، تقرریوں اور انتظامی اصلاحات جیسے مختلف اہم فیصلے کئے گئے۔ ٹرسٹ نے ایک چیف ایگزیکیٹیو افسر کی تقرری، خالی عہدوں کو پُر کرنے اور اس کی مذہبی کمیٹی کی نئی سرے سے تشکیل پر تبادلۂ خیال کیا۔ ٹرسٹ نے کہا کہ خصوصی تحقیقاتی ٹیم کی حتمی رپورٹ ابھی موصول نہیں ہوئی ہے اور میٹنگ کے دوران اِس معاملے پر بات چیت نہیں ہوئی۔x

## Murugan OTT

حکومت نے گزشتہ دو سال کے دوران نازیبا مواد نشر کرنے کی بناء پر پچاس OTT پلیٹ فارمس کو بند کردیا ہے۔ لوک سبھا میں اپنے تحریری جواب میں اطلاعات و نشریات کے وزیرِ مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے بتایا کہ حکومت شکایتوں کی بنیاد پر اس طرح کے OTT پلیٹ فارمس پر باقاعدگی سے کارروائی کرتی ہے۔ جناب مروگن نے کہا کہ حکومت نے ڈیجیٹل میڈیا پر حالاتِ حاضرہ اور آن لائن مواد کے ناشرین کیلئے ادارہ جاتی میکانزم وضع کرنے کی خاطر انفارمیشن ٹیکنالوجی ضوابط 2021 کو نوٹیفائی کر دیا ہے۔ x

## WB Seventh Pay Commission

مغربی بنگال حکومت نے آج ساتواں پے کمیشن تشکیل دیا۔ یہ کمیشن، ریاستی حکومت اور حکومت کے امداد یافتہ اداروں میں تنخواہوں، بھتّوں، ترقیوں اور ملازمین اور وظیفہ یاب افراد کے وظیفوں پر نظرثانی سے متعلق تجاویز پیش کرے گا۔ یہ کمیشن اگلے چھ مہینے کے دوران مغربی بنگال حکومت کو اپنی رپورٹ پیش کرے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ساتواں پے کمیشن، سرکاری ملازمین کے موجودہ ادائیگی نظام، مہنگائی بھتے اور دیگر بھتوں، ملازمت میں ترقی کی پالیسیوں، پنشن اور سبکدوشی کے فوائد کا جائزہ لے گا اور ضروری تبدیلیاں تجویز کرے گا۔ x

## Kashmir Policeman

کشمیر کے انت ناگ ضلعے کے لال چوک علاقے میں ہوئے آج ایک دہشت گردانہ حملے میں ایک پولیس اہلکار کی موت ہوگئی۔ پولیس کے ایک اعلیٰ عہدیدار کے مطابق، حملے کے بعد سکیورٹی فورسز نے فوراً پورے علاقے کی گھیرا بندی کردی اور دہشت گردوں کی تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے ہلاک ہوئے پولیس اہلکار کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور یہ یقین دہانی کرائی کہ ذمہ داروں کو بخشا نہیں جائے گا۔x

## SC Superannuation

آج سپریم کورٹ نے ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کو عدلیہ کے افسران کی ملازمت سے سبکدوش ہونے کی عمر کو 60 سے بڑھا کر 61 کرنے پر غور و خوض کی ہدایت دی ہے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت، جسٹس جوائے مالیہ باگچی اور وی مونہا پر مشتمل بینچ نے ملک کے عام ضلعی عدالتوں میں سبکدوش ہونے کی عمر 60 سے بڑھا کر 62 کرنے کی ایک درخواست پر سماعت کرتے ہوئے یہ ہدایت جاری کی۔ عدالت عالیہ نے ریاستی حکومتوں اور مرکز

کے زیرِ انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس مسئلے پر متعلقہ ہائی کورٹس سے صلاح و مشورہ کریں۔ اگر متعلقہ ریاستیں اس سے اتفاق کرتی ہیں تو ایسی ریاستوں کے عدالتی افسران 61 سال کی عمر تک ملازمت میں رہیں گے۔ یہ یکم اپریل 2026 سے نافذ العمل ہوگا۔ x

## Navy INS Malvan

بھارتی بحریہ نے سودیشی طرز پر ڈیزائن اور تیار کردہ Mahe سلسلے کی آبدوز شکن شیلو واٹر کرافٹ INS مال وَن کو آج کرناٹک کے کاروار میں بحریہ میں شامل کیا۔ وزارت دفاع نے بتایا کہ یہ جنگی بحری جہاز، زیر آب نگرانی، آبدوز مخالف جنگی کارروائیوں اور کم شدت والی بحری کارروائیوں کے ساتھ زیر آب سُرنگ جنگی صلاحیتوں سے لیس ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ یہ جنگی بحری جہاز، ساحلی دفاع، ساحلی پٹّیوں کی سلامتی اور بحری شعبے میں آگاہی کو فروغ دے گا۔ 80 فیصد سے زیادہ سودیشی کَل پرزوں کے ساتھ یہ جنگی بحری جہاز، آتم نربھر بھارت کے نظریے کو تقویت دیتا ہے۔ بحریہ میں شامل کیے جانے کی اِس تقریب کی صدارت، فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے کی۔ تقریب میں وائس ایڈمرل سنجے وَتساین اور دیگر سینئر عہدیدار موجود تھے۔ x

## US Houthi

امریکہ نے یمن کے حوثی باغیوں کے اُس اعلان کی مذمت کی ہے، جس میں حوثیوں نے بحرِ احمر میں سعودی عرب کی بحری ناکہ بندی کرنے اور تجارتی بحری جہازوں کو نشانہ بنانے کی دھمکی دی ہے۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے سعودی عرب کے خلاف حوثی باغی گروپ کی اِس دھمکی کیلئے ایران کو موردِ الزام ٹھہرایا۔ تاہم انہوں نے یہ بھی کہا کہ کشیدگی کم کی جاسکتی ہے۔ فلپنس میں علاقائی سمٹ کے تناظر میں جناب روبیو نے کہا کہ بحرِ احمر میں جہاز رانی میں رکاوٹ ڈالنیے والی ہر وجہ، آبنائے ہرمز میں جہاز رانی میں رکاوٹ ڈالنے سے مماثلت رکھتی ہے۔ اِس سے پہلے حوثیوں نے سعودی عرب کے خلاف بحری ناکہ بندی کا اعلان کرتے ہوئے نیا محاذ کھول دیا ہے۔ حوثیوں نے تیل کی عالمی سپلائی اور تجارت کو نشانہ بنانے کی دھمکی دی ہے۔ x

## Eve IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے گجرات اور وسطی مہاراشٹر میں کل، انتہائی شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق ہماچل پردیش، پنجاب، بہار، چھتیس گڑھ، مغربی بنگال، جموں و کشمیر، اتراکھنڈ، جھارکھنڈ، کرناٹک، اڈیشہ اور راجستھان میں بھی موسلا دھار بارش ہوسکتی ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات نے شمال مشرقی بھارت میں آسام، اروناچل پردیش، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں بھی اِسی طرح کے موسمی حالات کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کل دلّی میں مطلع ابر آلود رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ x

## Eve China Open Badminton

چائنا اوپن بیڈمنٹن میں دو مرتبہ کی اولمپک تمغہ یافتہ پی وی سندھو، اپنی ہم وطن اُنّتی ہُوڈا کو ہراکر خواتین کے سنگلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہیں۔ سندھو نے آج دوپہر پری کوارٹر فائنل میں ہُوڈا کو اکیس-چودہ، نو-اکیس اور اکیس-دس سے شکست دی۔

مردوں کے سنگلز میں آیوش شیٹی، عالمی نمبر گیارہ انڈونیشیا کے علوی فرحان کو اکیس-سترہ، پانچ-اکیس اور

اکیس-سترہ سے ہرا کر کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆